PRESS RELEAS

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ: 30اگست 2024

الیکشن کمیشن آف پاکستان سیکریٹریٹ میں ایک اہم پیشہ ورانہ تربیتی پروگرام کا آغاز ہو چکا ہے۔ یہ 10 روزہ "سسٹم بیسڈ اور یکل" ٹریننگ 26 اگست 2024 سے شروع ہو کر 6 ستمبر 2024 تک جاری رہے گی۔ اس تربیتی پروگرام کا مقصد الیکشن کمیشن کے افسران کی انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں استعداد کار کو بڑھانا ہے۔ خاص طور پر آئی ٹی ونگ میں کام کرنے والے افسران اس ٹریننگ سے مستفید ہو رہے ہیں۔ ٹریننگ کے دوران شعبہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ماہر ٹرینرز اپنے تجربات اور علم سے شرکاء کو مستفید کر رہے ہیں۔ اختتامی تقریب 6 ستمبر کو منعقد ہو گی جس میں سیکرٹری الیکشن کمیشن، جناب عمر حمید خان خصوصی طور پر شرکت کریں گے اور شرکاء میں سرٹیفکیٹ تقسیم کریں گے۔ یہ تربیتی پروگرام الیکشن کمیشن کی جانب سے اپنے افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بہتر بنانے کی جاری کوششوں کا حصہ ہے۔

مورخہ 30اگست 2024:۔الیکشن کمیشن آف پاکستان سیکریٹریٹ میں ایک اہم پیشہ ورانہ تربیتی پروگرام "سسٹم بیسڈ اور یکل" کا آغاز

ترجمان

الیکشن کمیشن

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Election

MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING